پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

20/01/2022

اسمبلی الیکشن-2022 کے دوران چلائی جارہی خصوصی چھاپہ مارمہم کے دوران گزشتہ روز مورخہ 19 جنوری 2022 کو معاملے پکڑے گئے 170 اور 4685 لیٹر غیر قانونی شراب ضبط کی گئی

لکھنؤ: 20/ جنوری 2022-

جناب سنجے آر بھوس ریڈی ایڈیشنل چیف سکریٹری آبکاری نے بتایا کہ اسمبلی الیکشن-2022 میں مثالی ضابطہ اخلاق کے مدنظر غیر قانونی شراب تیار کرنے، فروخت اور تسکری پر قدغن لگانے کیلئے ریاستی سطح پر خصوصی چھاپہ مارمہم چلائی جارہی ہے۔ اس کے تحت ضلع مجسٹریٹ اور سینئر پولیس سپرنٹنڈنٹ/ پولیس سپرنٹنڈنٹ کے توسط سے آبکاری، پولیس اور انتظامیہ کی مشترکہ ٹیموں کی تشکیل دی گئی ہے۔ آبکاری اور پولیس نیز انتظامیہ کے مشترکہ ٹیموں کے ذریعہ مسلسل غیر قانونی شراب کے خلاف دبش کی کارروائی کے ساتھ ساتھ قومی/ریاستی شاہراہوں پر چیکنگ کی کارروائی کی جارہی ہے۔

ایڈیشنل چیف سکریٹری نے بتایا کہ خصوصی چھاپہ مارکارروائی کے دوران گزشتہ روز ریاست میں 170 معاملے پکڑے گئے، جس میں 4685 لیٹر غیر قانونی شراب برآمد کی گئی اور تقریباً 22245 کلوگرام لہن نیز متعدد بھٹیوں کو موقع پر ہی برباد کیا گیا۔ غیر قانونی شراب کے کاروبار میں ملوث 57 لوگوں کو گرفتار کران کے خلاف آبکاری ایکٹ اور آئی پی سی کی دفعات کے مطابق کارروائی کی گئی اور 1 گاڑی کو ضبط کیا گیا۔

اسی ضمن میں جناب سینتھل پانڈیئن سی آبکاری کمشنر اترپردیش نے مطلع کرایا کہ ودھان سبھا عام انتخابات -2022 کے پیش نظر چلائے جارہی خصوصی مہم کے دوران گزشتہ روز ضلع جھانسی میں غیر قانونی شراب کے خلاف چھاپہ ماری کی کارروائی کے دوران کبوترا ڈیرا ودسنا میں 770 لیکٹر کچی شراب برآمد کرتے ہوئے 3600 کلوگرام لہن کو موقع پر برباد کیا گیا۔

آبکاری کمشنر نے بتایا کہ غیر قانونی شراب تیار کرنے، فروخت اور اس کی تسکری کے خلاف چھاپہ مار کارروائی جاری رہی ہے۔ اسی ضمن میں غیر قانونی شراب بنانے نیز تسکری کی روک تھام کے مقصد سے عوام کے ذریعہ شکایت جاری ٹول فری نمبر 14405 اور واٹس ایپ نمبر 9454466019 کو چیک پوسٹ سمیت سبھی فٹکر آبکاری دوکانوں پر درج کرایا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆